مثنوی جناب کامل فن ناسخ استاد اہل سخن

نور پھیلا ہی جسکی مضمون کا

سنہ ۱۲۶۵ ہجری

نام جسکا نظم سراج ہوا

نظم ہی ترجمہ حدیث نور کا

یعنی جو کچھ امام مبین نی کہا

باتیں اوسکی جو ہیں بہت مطبوع کی محمد حسین نی مطبوع

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہی سزاوار حمد ذات خدا
قابل شکر ہی صفات خدا

کلک ہی نطق کیا کہوں توحید
دنگ ہی عقل کیا کروں تحمید

مرتفع ہی یہ بام عز و جلال
نارسا ہی کمند وہم و خیال

عقل اول یہان ہوئی مبہوت
کیون نہ ہو نفس ناطقہ کو سکوت

شہد اللہ لا شریک لہٗ
وحدہٗ لا الٰہ الا ہو

عجز ادراک انبیائی کیا
ما عرفناک مصطفی نی کہا

اور کس کو کہوں کہ عارف ہے
کون اب عارف معارف ہے

بس یہی گفتگوی صادق ہے
کہ وہی خالق اور رازق ہے

کیا بنائی ہین آسمان و زمین
مہر و ماہ و ستارہ و پروین

میوہ دار اوسنی کردی اشجار
رنگ پہولوں کے ہین ہزار ہزار

گل و خار ایک شاخ سی نکلے
نیک و بد ایک شاخ سی نکلے

ہی جہان گنج زر وہین اژدر
ہین نہنگوں کی متصل گوہر

اہل کی ساتھ ہین نااہل
تھی محمد جہان مین بوجہل

نور ظلمت سی ہوگیا ممتاز
سحر سی ہی یہ رتبہ اعجاز

سالکوں کو ہی سبل راہ صنم
دیر گویا ہی رہنمای حرم

یون ہین معلوم ہوتی ہی ہر چیز
ضد سی مفہوم ہوتی ہی ہر چیز

کرو تمیز آدم و جن مین
کرو تمیز رات مین دن مین

خلقت خوب عین حکمت ہے
خلق معیوب عین حکمت ہے

آگ ہر چیز کو جلاتی ہے
پر شب و روز کام آتی ہی

کو جلانی کی خو نہین بہتر
سو جگہ ہی یہ بالیقین بہتر

جو نہ ہو آگ تو کہان ہو چراغ
گرم کیونکر ہون آب شیر و چاغ

یون ہین ہر چیز سمجھ ہی خوب
اپنی اپنی جگہ ہی ہر شی خوب

جو ہوئی یہ کافر غدار | منکر ذات واحد دادار
جی ہی دور نجاست نکل جاتا | آتش اشتہا میں جل جاتا

رونق ایمان کی ہی کفر جان | ہوئی ناقوس سے بلند اذان
عین حکمت ہی جو ہی فعل حکیم | صانع و خالق و سمیع و علیم

دل میں گذرا نہیں وہ جان گیا | خود بخود کب دل او سکون مان گیا
دیدہ دل کی سامنی ہی وہی | حق و باطل کی سامنی ہی وہی

منہ کری جس طرف دل آگاہ | نہیں شبہہ فَثَمَّ وَجْہُ اللہ
ہر طرف قدرتیں نمایاں ہیں | ہر طرف صنعتیں نمایاں ہیں

ذات ہو دیکھنا تو دیکھ صفات | تو صفات خدا میں دیکھ لی ذات
ہی کدھر جستجوی ذات خدا | عین ذات خدا صفات خدا

نعت خیر البشر حبیب اللہ

احمد مجتبی رسول خدا | سید انبیا قبول خدا

صاحب سیف و صاحب اعجاز | انبیا کی جنود میں ممتاز
جب نہ تھی کوئی چیز تھی احمد | با وقار و تمیز تھی احمد

ان سی پیدا ہوئی ہیں صبح و مسا | جنت و نار و عرش و ارض و سما
نور کی یہ ہیں خاک کا آدم | میرا مولا کجا کجا آدم

خلق جس آن انس و جن کو کیا | نائب اپنا خدا نی ان کو کیا
جب کہ ڈالی بنای ارض و فلک | جابی مزدور تھا گروہ ملک

حق نی میر عمارت ان کو کیا | خلق پھر امارت ان کو کیا
ہیں ابد اور ازل کی یہ مالک | یہی باقی ہیں اور سب ہالک

السنی تا صاحب زبان ہیں ایک | چودہوں بے شک او کمان ہیں ایک
تھی یہ پوشاک تا بعرش گئے | دیکھی افلاک تا بعرش گئے

تھی سوار براق عرش سیر | ساتھ جبریل صورت چاکر
اہل سنت کی جو کتب ہیں صحیح | اوس میں ہوتا ہی مستفاد صریح

آگی آگی بلال با نعلین | عرش پر دیتی تھی صدا نعلین
حبذا عزت رسول کریم | نہ کریں غبطہ کیوں جناب کلیم

رجعت شمس اور شق قمر | بخدا تھا کمال سہل اون پر
تھی یہ فرمان روا شمس و قمر | ہوئی ان سی بنا شمس و قمر

یہ نہ ہوتی تو کچھ نہ ہوتا خلق | چھوڑتی کب عدم کا پردا خلق
ان پہ آدم کو فوق خاک نہیں | کالبد بھی بنا ہی بعد کہیں

جبکہ خیر البشر ہوئی پیدا | کوئی ہرگز نہ تھا سوای خدا
سب ہوئی انکی سامنی پیدا | سب کیی ان کی نام نی پیدا

حبذا نام پادشاہ امم | ہوئی مقبول توبہ آدم
کلمی میں نہو جو ان کا نام | نہ ہو مقبول حضرت علام

منقبت ہی امام اول سے

قاطع باب قلعہ خیبر | قاتل عمرو و مرحب و عنتر

ولی اولیا بہ نص جلی | بعد کے ولی علی وصلے
گوہر معدن ابی طالب | اختر روشن ابی طالب

در اعظم سمای یقین | کشف شرح ماجرای یقین
مرتضی خضر کا ہی راہنما | کر دیا جس نے موکل دریا

پاتی ہیں درد لا دوا اس سے | پائی ایوب نی شفا اس سے
ہی علی فخر آل ابراہیم | خلف بی مثال ابراہیم

ہی بیان محمد ابن سنان

یون مفضل سی اوسی اپنا سنا — کہ مفضل نی یہ بیان کیا
مسجد پاک مصطفی مین تہا — محو مین ہستی خدا مین تہا
کیا فضائل دی خدائی سہی — کیا شمائل دی خدائی اسی
جن جن اسرار پہ یہی مشرف — کوئی آفاق مین نہین واقف
متحیر مین اس خیال مین تہا — کہ وہان آیا ابن ابی العوجا
آکی نزدیک وہ شقی بیٹہا — پاس ایک اوسکا معتقد بیٹہا
صاحب اس قبر کا معظم تہا — دور آفاق مین مکرم تہا
معتقد نی کہا کہ تہا یہ حکیم — ہوگیا مدعی امر عظیم
ہوگیا اہل عقل پر غالب — فہم عالم کو کردیا غائب
ہین اگرچہ عرب فصیح و بلیغ — پر ہوئی دنگ سب فصیح و بلیغ
فوج فوج آئی اوسکی امت مین — نرہا شک ذرا نبوت مین
ہر موذن پکارتا ہی یہی — ہر کوئی نعرہ مارتا ہی یہی
یونہین کہتی ہین پانچ وقت اذان — ہی اقامت مین بہی یہی عنوان
سنکی حال ابن ابی العوجا — اپنی شاگرد سی کہنی لگا
اس جگہ میری عقل ہی حیران — تہا عجب شعور یہ انسان
دونون اسمین کرکی پر تقریر — بولی وہ منکران رب قدیر
نہین حاجت یہان مدبر کی — نہین حاجت یہان مقدر کی
نہین حادث یہ ہی جہان قدیم — ہین نہ افلاک آسمان قدیم
کفر جب یہ سنا مفضل نی — رنج مین سر دہنا مفضل نی
دیکہکر سوی ابن ابی العوجا — دیکہکر ردی ابن ابی العوجا

ہی جو راوی محمد ابن سنان — ہی روایت صحیح سی وہ بیان
ہوئی یاور جو مہر طالع سعد — ایکدن مین نماز عصر کی بعد
متفکر مین دل مین تہا اوسدم — کہ ہین کیا رتبہ شفیع امم
شرف اسکو جو ہی کسیکو نہین — اس سی نسبت کسی نبی کو نہین
دی جو حق نی مرتبی اسکو — ملی ہین انبیا مین وہ کسکو
تہا رئیس ملاحدہ و لعین — دین سی تہا علاحدہ و لعین
جانب قبر پاک اشارہ کیا — اپنی اوس معتقد سی کہنی لگا
منزلت اوسکی دمبدم تہی دوچند — سلطنت اسکی دمبدم تہی دوچند
بہر اثبات ادعای بزرگ — لایا پہی ہم وہ معجزات سترک
جتنی بینا تہی ہوگئی حیران — جتنی دانا تہی ہوگئی نادان
ہوگئی اوسکی دین مین داخل — جتنی عاقل تہی ہوگئی جاہل
جیسا جزو اذان ہی نام خدا — داخل اپنا ہی نام اوسنی کیا
پوہنچی اسکی جہان جہان دعوت — پوہنچی اسکی جہان جہان حجت
نام اوسکا ہو تازہ تا ہر دم — عز و شان پہیری نہ ہو کم
حال روشن ہی سب محمد کا — بس نہ لی نام اب محمد کا
کر محمد کی اصل کا مذکور — کہ یہ اوس حیلہ سی ہوا مشہور
یعنی یہ کارخانہ عالم — نہین محتاج صانع اعلم
دیکہو جس چیز کو مع دنیا — آپسی آپ ہوگئی پیدا
یونہین سمجہو دوام خلقت کا — محض بہتان ہی قیامت کا
جوش ایمان سی ضبط ہو سکا — کفر و ایمان مین ربط ہو نہ سکا
صاف اوس منکر خدا سی کہا — گفتگو ہیچ کر رہا ہی کیا

اوس خدا کا بھی ہی کیون انکار جیسی پیدا کیا ہی بی تکرار
یا تو صلب پدر مین تہا ساکن رحم مادر مین یا ہوا ساکن
ہین تری ذات مین دلائل حق ہین ہر اک بات مین دلائل حق
تو ہی شاہد ہی قدرت حق کا تو ہی شاہد ہی حکمت حق کا
سنکی بولا ابن ابی العوجا متکلم اگر ہی تو تو بتا
ہی اگر تابع امام زمان حضرت جعفر مطاع جہان
بارہا مین کیا ہون نے دام کبھی مجکو نہ دی کوئی دشنام
صاحب علم و عقل ہی لاریب نہین قہر و غضب کا اونمین عیب
جو مین لاتا ہون حجت و برہان دل سی سنتا ہی وہ امام زمان
لیکن اک بات مین وہ کرتی ہین رد تو نکم ہوتی ہین ملحد و مرتد
اونکی اصحاب ہین ہے تو ہی اگر تجھی شایستہ گفتگو ہین کر
یعنی تہا وہ لعین دشمن دین منکر صانع سپہر برین
ہی کلام مفضل طاہر ہین کیا نزد حضرت جعفر
اس قدر کیون شکستہ خاطر ہے تیری چہری سی رنج ظاہر ہے
ہین لئے اون ملحدون کا ذکر کیا سن کی حضرت نی یہ جواب دیا
مومنون کو ہوسکی تا عبرت ملحدونکو ہوسکی تا حیرت
لطف خلق درندگان جہان باعث آفرین مرغان
خلق اشجار میوہ دار و بقول غیر ماکول سبزہ ماکول
اپنی گہر مین مفضل اوٹھکی گیا رات بہر انتظار صبح رہا

ہی مترجم کی معذرت کا بیان

ترجمی کا جو قصد کرتا ہون تو خدا سی کمال ڈرتا ہون

دی ہی کیا خوب صنع رب وہیب کیا خوش اسلوب صنع رب عجیب
تجکو مضغی سی کر دیا انسان کبھی بچہ کبھی ہوا تو جوان
تو ہی خود شاہد وجود خدا دیکہ اپنی ہی ہین شہود خدا
سب براہین تجہین ہین واضح آشکارا و واضح و لائح
یا اوسی طور کی کرون تمہید نہین تو ہی عبث ہی گفت و شنید
خود وہ کرتی نہین جدل ہم سی شک کرتا ہی کس لئی تو ہمسی
میری باتین اگر وہ سنتی ہین کبھی مجکو نہین کیا غمگین
ہی رزین و متین وہ زیرک مثل اوسکا کوئی نہین بیشک
جانتا ہون وہی کہا قائل شاد کرتا ہون جو جواب بنا دل
کچہ نہین سوجہتا جواب اونکا دی سکی کوئی کیا جواب اونکو
جہل ملحد تو ہو گیا معلوم پر مفضل بہت ہوئی مغموم

ہی مفضل کی عرض پیش امام

نظر آیا جو مین بہت مغموم شفقت سی یہ بولی وہ معصوم
رنج کا کچہ سبب بتا مجکو حال گذرا جو وہ سنا مجکو
ہم کرین کی بیان تجھسی یہان حکمت حضرت خدائی جہان
خلق عالم مین جو منافع ہین شبہہ باطلہ کی دافع ہین
حشرات زمین و حیوانات سبب خلقت درخت و نبات
ای مفضل نہ ہو تو دل مین اداس صبح آجا تو ہمارے پاس
صبح صادق کا ہو گیا جو ظہور پیش صادق گیا وہ مرد غیور
عرض ہی مومنان والا سے اہل انصاف و اہل تقوی سے
یعنی بیجا نہ ہو کہین تفسیر نہ ہون محشر مین ہو دستگیر

ہین کہاں اور یہ کلام کہان — رند مشرب کہاں امام کہان
عرض کرتا ہون ہون خدا کی حضور — ای کریم رحیم رب غفور
ہو مری جہل سے ہزار خطا — پر ہوون تجہی امیدوار عطا

ہے مفضل کی اب یہاں تقریر

جا کی خدمت مین ایستادہ ہوا — شوق دل مین جو تہا زیادہ ہوا
مجکو حجری مین یاد فرمایا — قرب دی دی کی شاد فرمایا
پہلے حضرت نے کی یہ مجہسی بات — آج تجکو دراز ہو گئے رات
کی مفضل نے عرض مولا سے — کیا چہپی کچہ امام والا سے
اب ہی گویا طلوع صبح امید — نظر آتی ہین مجکو دو خورشید
صبح اوسکا طلوع شام غروب — نہین حضرت کا لا کلام غروب
یہ ضیا اوسی آپ سی پائی — یہ صفا اوسی آپ سی پائی
ایک ہین ایک چاردہ معصوم — نیک ہین نیک چاردہ معصوم
کارپرداز ہو خدا کی تہین — محرم راز ہو خدا کے تہین
بولی حضرت سن اے مفضل آج — کچہ نہ تہا جب سی ہی ہمارا راج
بی نہایت وجود ہے اوسکا — بی بدایت وجود ہی اوسکا
پر ہمین جس طرح سکہایا ہی — جو طریقہ ہمین بتایا ہے
سب بتائی معانی ارفع — ہمکو کونین کا کیا مرجع
کر دیا شاہد اپنی وحدت کا — کر دیا حاکم اپنی حکمت کا
تا قیامت سب اعتقاد کرین — اپنی ایمان کو زیادہ کرین
ہی یہاں سے حدیث کا حاصل — مستفید اب ہون عالم و جاہل
فہم کا ہی قصور جاہل ہے — عقل سے ہی بعید غافل ہے

مجکو معصوم سی کہاں نسبت — فسق میرا کہاں کہاں عصمت
کو حدیثا ہی آگی دہرتا ہون — پر یہین حاصل بیان کرتا ہون
بخشو عفو بہر روح رسول — پہر بسبطین و مرتضی و بتول
فضل خالق ہوا مری شامل — بعد رخصت کے مین ہوا داخل
پاس تہا ایک حجرہ اطہر — اوس مین جا بیٹہی حضرت جعفر
ہو دی مانند ابر گوہر بار — لب معجز بیان سے گفتار
صبح کا اشتیاق تہا تجکو — رات کا ہونا شاق تہا تجکو
جب نظر آئی صبح کی آثار — بخت ہی میری ہو گئی بیدار
ایک یہ آسمان کا خورشید — آپکا چہرہ دوسرا خورشید
ہی جو گردش مین نیر تابان — ہی یہ حضرت ہی کا ملا گردان
خلق مین بات جدا ہین آپ — مصطفی سی کہاں جدا ہین آپ
تم نہو تو کچہ نہوتا خلق — کی حقیقت مین ہتی پیدا خلق

ہے یہ ارشاد حضرت جعفر

چیز کچہ پیشتر خدا سی نہ تہی — وہی باقی ہی اور سب فانی
ہی وہی مستحق حمد و ثنا — بس ہی شکر و سپاس اوسکا روا
علم جو ہین علوم مین اعلی — اونکا مخصوص ہمکو حق نے کیا
علم اپنا خدا نے ہمکو دیا — ساری خلقت سے برگزیدہ کیا
کی مفضل نے عرض اے معصوم — آپ فرمائین ہین کرون مرقوم

ترجمہ کا یہاں سی ہی آغاز

ہی یہ ارشاد امام صادق کا — ہر نشان وجود خالق کا
حکمت حق سی ہی خلق عالم مین — حکمت حق ہے خلق آدم مین

اس میں اغراض اور ہیں اسباب ۔ جانتے ہیں اسے اولوا الالباب
عقل کوتاہ رکھتے ہیں کفار ۔ ہے یہ باعث جو کرتے ہیں انکار
جہل سے کہتے ہیں نشست صفات ۔ نہیں خالق برای موجودات
ہوتی جاتی ہے خود بخود خلقت ۔ نہیں تدبیر و صنعت و حکمت
کرے لعنت خدا مدام ان پر ۔ حق تو ظاہر ہے جانتے ہیں مگر

بے مثال اس مثال کو دیکھو

اوس میں خوبی ہو اور استحکام ۔ فرش گسترده ہو نفیس تمام
چاہیے آدمی کو جو جو چیز ۔ وہ قرینے سے جابجا ہو نیز
نہ وہ دیکھیں گے قصر کی صورت ۔ نہ نظر آئے گی کوئی نعمت
ہوگی جس جس کے اونہیں حاجت ۔ پاس ہوگی نہ دیکھیں گے صورت
کشف کچھ بھی نہوگا اون پر حال ۔ بلکہ ہونگے وہ خشمناک کمال
جس طرف جائیں گے تو ٹھوکر کھینچے ۔ پھر طعنہ زبان کھولیں گے
حسن تقدیر کی جو منکر ہیں ۔ حسن تدبیر کی جو منکر ہیں
نہ کھلا جہل سے یہ بھید اونہیں ۔ فائدے کیا ہیں خلق اشیا میں
کرتے ہیں سیر عالم امکان ۔ پر ہیں نادان و بیخود و حیران
بیشتر دیکھتے ہیں چیزوں کو ۔ نہیں تمییز ہی تمیزوں کو
تخطیہ بے شعور کرتے ہیں ۔ اور ثابت قصور کرتے ہیں
جیسے اصحاب مانی نقاش ۔ دین سے پھر گئے ہو گمراہ و باشر
تارک بندگی خالق ہیں ۔ سب کے کافر ہیں سب فاسق ہیں
اپنی پہچان دی خدا نے جنہیں ۔ ہیں ہدایت سے دین خالص میں
شامل ہوں صنعت حق میں ۔ متفکر ہوں قدرت حق میں

ہیں بحکم خلق کوہ و صحرا ہیں ۔ ہیں بحکم خلق دشت و دریا ہیں
ہے جو صنعت بصارت ان کو نصیب ۔ کرتے ہیں یہ عناد سے تکذیب
کہ رہے ہیں مدبر عالم ۔ نہیں کوئی مدبر عالم
جو صفت کر رہے ہیں سفہا ۔ ہے خدا اوس سے ارفع و اعلا
یہ گرفتار ہیں ضلالت میں ۔ مبتلا ہیں یہ اپنی حیرت میں
حال انکا ہے ایسی اندھوں کا ۔ کہ وہ داخل ہوں درمیان سرا
سب ہوں ماکول و مشروب ۔ اور اسباب ہوں لباس کے خوب
اندھوں کا اوس مکان میں ہو گذار ۔ متردد ہوں بیچ وہ بسیار
ظرف عمدہ نظر نہ آئیں گے ۔ ٹھوکریں جابجا وہ کھائیں گے
کچھ نہ سمجھیں گے وہ کہ یہ کیا ہے ۔ کیا سبب ہے یہاں جو رکھا ہے
طور کاشانہ کو کہیں گے برا ۔ صاحب خانہ کو کہیں گے برا
منکران خدا جو ہیں جہال ۔ ہے انکا بعینہ یہ حال
اونکی فہموں کا ہے تمام قصور ۔ اونکی فہموں کا ہے تمام قصور
ہیں جو اسباب اسکے اور علل ۔ نہیں آگاہ جہل سے اہل
خلقت حسن کیوں ہے کیا جانیں ۔ کیا وہ مشکل نظام پہچانیں
نہیں آگاہ اوسکی حکمت سے ۔ نہیں آگاہ وجہ خلقت سے

ہے مثال تواضع مالنے

اوسکی اشباہ ہیں جو اہل ضلال ۔ اونکی دل میں یہی ہے خیال محال
اونکو لازم ہے جو کہ مومن ہیں ۔ صنعت باری کے جو موقن ہیں
دی ہے اللہ نے جنہیں توفیق ۔ جو ہوئے سالک رہ تحقیق
کیا ہیں تدبیر خلق عالم میں ۔ کیوں خدا نے کیا ہے خلق انہیں

ہین براہین ساطع و قاطع
بہر عالم ضرور ہی صانع

متضع رہین حضور خدا
کہ نہ جاتی یہ نعمت عظمے

دال ہی آیۂ کلام مجید
کہ دنیا نا ہی خدا ہی حمید

کافر نعمت ان مین تہی اکثر
سخت سیر اعدا سب ہی اون پر

اب سنو حال مانی نقاش
عیب سب پر ہین اوس خبیث کی فاش

رکہتی ہین جو کہ کبر و ترسا دین
اونکی تہا بین بین اوسکا دین

خلق عالم مین تہا کلام عجیب
اوسکی دو اصلون سے ہوئی ترکیب

خیر عالم ہی نور سی پیدا
شر ہی ظلمت سی قول ہی اوسکا

خلقت اونکی عبث سمجہتا تہا
مدعی حکمت خدا کا تہا

یعنی جس سی کہ ہو بہی رنج عظیم
نہین کرتیکا خلق اوسکو حکیم

اب یہ فرماتی ہین امام ہشم
شاہ شمسین و خسرو انجم

دیکہنا شان صانع عالم
ہی یہ برہان صانع عالم

جمع اجزا اکبی تمام و کمال
سب مرتب ہوئی نہی فضل

عالم آتی نظر نفیس محل
جس محل مین نہ ہو مقام خلل

رات کو تارونکا چراغان ہے
دن کو پہر آفتاب تابان ہے

یہ ذخیری ہین بہر مخلوقات
ہی بہری ہین بہر مخلوقات

ہین جو انسان ہی انجمن نہاد
اونکو بخشا یہ خانہ آباد

یہ جو حیوان مختلف ہین یہان
ہین برای مصالح انسان

ہی عیان حق کی حکمت و تقدیر
ہین نمایان مصالح و تدبیر

بعض سی بعض کو کیا مربوط
ربط آپس کا کردیا مضبوط

ایک کو ایک سی تعلق ہے
ایک پر ایک کو تفوق ہے

چاہیی بارہا کرین تحمید
کہ ملی انکو نعمت توحید

بلکہ یہ موہبت زیادہ ہو
دولت معرفت زیادہ ہو

شکر بندی اگر کرینگی ادا
نعمتین اور اونہین سوا دینگا

ہی مفصل یہ حال مانی کا

عہد شاپور اردشیر مین تہا
اوسنی پیدا کیا تہا دین نیا

تہا جو اقرار حضرت عیسی
کیا انکار حضرت موسی

ایک ہی نور ایک ہی ظلمت
اوسنی عالم کی یہ ہوئی صورت

جا نور جسقدر کہ ہین موذی
ہی یہ تاثیر ان مین ظلمت کی

اور سنیی عقیدہ کافر
حمق سی جہل کرتا تہا ظاہر

وجہ نظم جہان مین ہی ارشاد

ای مفضل مقام عبرت ہی
آشکارا خدا کی حکمت ہی

واہ کیا کیا نظام عالم ہی
کسقدر نظام عالم ہے

دیکہی جو فکر سی تامل سے
سوچی جو دہیان سی بالتفصیل کبہی

سقف خانہ ہی آسمان بلند
تو زمین اوسمین فرش کی مانند

یہ جواہر جو ساری ہین بہا
ہین تلال و جبال مین یکجا

جو ہی چیز سافل و عالی
مصلحت سی نہین ہی وہ خالی

ہین نباتات بہر نفع بشر
کام آتی ہین اپنی موقع پر

ہی یہ برہان انتظام امور
نہ سمجہی تو ہی سمجہ کا قصور

ایک خالق تمام مخلوقات
خاص سی تا بعام مخلوقات

ایک کا ایک کو کیا محتاج
کہ نہ ہو احتیاج یا محتاج

خلقت آدمی مین فرمایا

سنو ارشاد حضرت صبا دوغ
قرة العین مصحف ناطق

فہم والون کو جاے عبرت ہے
ہر فہیم آشنای عبرت ہی

پروہ خالق سی فیض پاتا ہی
بہوکہ بین خون حیض پاتا ہی

یہ غذا اوسکو ہوتی ہی حاصل
اپنی خلقت بین تا کہ ہو کامل

نہ پڑی صدمہ ہوا و سپر
نہ ہو کچہ گرم و سردی ہی ضرر

دردزہ تب کہین ہو حاملہ کو
قصد صنع جنین ہو حاملہ کو

وہی خون کثیف تہا جو غذا
کری شیر لطیف لطف خدا

فائدہ مند تہا جو شرب لبن
ہوا موجود بہر قوت تن

متولد جو ہوتی ہین بچے
یاد رہتا ہی حال رحم کسی

ہوتی ہین طالب غذای اول
دودہ کا مان سے کرتی ہین سوال

جب تلک اطفال کی ہین نرم اعضا
اور باریک باطن امعا

جبکہ ہوتا ہی وہ نشو و نما
خوب ہو جاتی ہین درست قوا

کہ ہون اعضا قوی تمام اوسکی
ہو بدن مین صلابت و احکام

نرم ہو جای جسمین سخت غذا
اوسکا آسان ہو نگل جانا

پس اگر مرد ہین تو نکلیں کے بال
کہ ہی ڈاڑہی سی حسن وجہ کمال

کہ نکلتی ہین حد طفلی سے
نہین ہین شبیہ رنڈی سی

جس مین باقی رہی نظارۂ حسن
کہ انہین چاہیی طراوت حسن

کہ رہی قائم انکی نسل مدام
رہی یہ نوع تا بہ روز قیام

ای مفضل مقام عبرت ہی
حق تعالی کی کیا ہی حکمت ہے

کیسی احوال مختلف کیا کیا
تب ہوا بچہ بشر پیدا

رحم مین خون حیض اگر نہ ملی
غنچہ آرزو کبہی نہ کہلے

ای مفضل کرون بیان سبھی عیان
صورت حال خلقت انسان

ظلمات ثلثہ مین ہی جنین
شکم و رحم و بچہ دان ہین

پردہ اتنا کہ ناگوار نہ ہو
بہوکہ سی ہی ضعیف و [illegible]

بدن اوسکا ہو سخت و مستحکم
پوست ہو خوب گوشت پر محکم

اوسکی آنکہین جو ہین میان حجاب
روشنی دیکہکر نہ ہون بیتاب

متولد ہو وہ جنین اوس دم
ضیق سی دیکہی وسعت عالم

سرخ سی ہو سفید دم مین لہو
ہو وہ خوش تنگ عیش سی شہو

ہوتی جس وقت جو غذا درکار
پاتین بچی وہی زہی دادار

اضطراب زبان دکہاتی ہین
ہونٹہ بہی وہ نہون ہلاتی جاتی ہین

چہاتیان دونون مشک کی چک ہین
یہ مہیا برای کودک ہین

کب غذای غلیظ کی ہی تاب
دودہ رکہتا ہی خرم و شاداب

پاتی ہین طاقت غذای ثقیل
ہوتی ہی حاجت غذای ثقیل

آس و دندان تیز پاتی ہین
جو غذا پاتی ہین چباتی ہین

ہوتی ہی وہ مدت ہو حاصل
ہوتی ہین خوب بالغ و عاقل

ہی محاسن علامت مرد کے
موجب جاہ و عزت مرد کے

رنڈیان ہوتین صاف تن جسکا
کہ نہین بال کچہ انہین درکا

میل مردون کو انکی جانب ہو
شوہر ایک ایک کا مصاحب ہو

حال پیدایش جنین سن لی

کیا ہی صناع ہی حکیم قدیر
کیا ہی تدبیر اور کیا تقدیر

بی مدبر نہین ہی یہ ممکن
بی مقدر نہین ہی یہ ممکن

خشک بی آب جنین کو کیا
سو کہ کر ہو جنین صورت کا

ہوہان کو جو دردزہ کا اثر / نکلی کیونکہ جنین پھر باہر
ہوگی پیدا اگر وہ دودہ بنا ہے / ہوگی ہی ایک آن میں مرجاے
سب غذای شدید ہی وہ زبان / کہاتین اطفال ہو سکے ہے کہان
دودہ ہے کی رہی غذا جو مدام / جسم اطفال میں نہ ہو احکام
پرورش ہے نہان کو فرصت ہو / ایک بچی کی صرف خدمت ہو
ایک مان اور ہون کئے اطفال / خیران سب کے لی یہ بات محال
نہ ہو وقر و صلابت مردان / نہ ہو قدر و جہابت مردان
بعد ازین بولی حضرت جعفر / قرۃ العین حبیب صفدر
جسد انسان کو جو حاجت ہو / اوس سے انسان کے کفالت ہو
متکفل وہی مصالح کا / شخص طالح کا شخص صالح کا
بات یہ پیش عقل ہی باطل / اسکا قائل جو ہی وہی جاہل
ہی اسی سی صلاح حال امور / نہیں نہ ہو اختلال امور
اوس سے پھر بولی جعفر صادق / نور چشمان محب صادق
نظر آئی اوسی جہان عجیب / ہون زمین اور آسمان عجیب
ہوش اوڑین دیکھکر پرندون کو / خوف ہو دیکھکر چرندون کو
کوئی عاقل جو قید ہو جائی / ہو کی قید اور شہر میں جا ئے
دم بدم دل کو ہو فزون وحشت / کری غمگین ہر ایک کی صورت
دیکھتا تہا وطن میں جو دن رات / وہی اوس سے دوچار ہون آفات
کسی عاقل کو کوئی کرین تعلیم / کری تاثیر دیر میں تفہیم
طفل تعلیم جبکہ پائی نہ ہو / جلد عاقل سی سیکہ جائی ہنر
لوگ کا ذہن ہی اوسکو لیکی چلین / اور اوسکو لپیٹین کپڑون میں

زندہ در گور وہ رحم میں ہے / قید خانی سی بڑے رنج سہی
نا ملایم غذا اگر کہاتے / جا میں اصلاح رحم دیکہ پاتے
حلق سے جا میں معدہ میں ہے بحال / زندگانی کی شکل ہو اشکال
نہ ہون اعمال شاقہ زنہار / بالیقین زیست بہر ہین بیکار
اور اولاد ہو اگر پیدا / پالنی میں ہو عذر مان کا بجا
ہون پشیں و بروت مرد اگر / شبہہ طفل و زن ہی او پر

ہی یہ حال کفالت انسان

ای مفضل بہلا ہی کون ایسا / ہو نگہبان جو حال انسان کا
ہان مگر ذات خالق معبود / جسنے معدوم کو کیا موجود
ہی یہ سب جو ہوئی نسق و نظام / سب تو تدبیر سی خالق ہو مدام
صاحب عقل کی یہی تقریر / نہیں نسق و نظام بی تدبیر

اور یہ ہین دلائل حضرت

بطن مادر سی جو کوئی لڑکا / متولد ہو عاقل و دانا
دیکھی اوس دیدہ کائنات انسان / کیون نہ ہو جائی دیکھکر حیران
اور بہی حکمتیں ہین اسکے سوا / حکمتیں لا تعد و لا تحصی
ہو مقرر وہ شستہ و حیران / کہی دل میں کہ آگیا ہون کہان
کو کہ اوسکی وطن کے ہون انسان / سب ہی اوسکی وطن کے گی حیوان
پر کوئی چیز ہی نہ خوش آئے / دیکھنی سی وہ خوب گہبرائے

اور ارشاد ہی یہ حضرت کا

متولد جو ہو کوئے دانا / منزلون کا نہ چل سکی رستا
لیکی جہولی میں ہی سلاتین اوسے / اور کپڑا کوئی اوڑہاتین اوسے

که رہا پیٹ میں یہ اک مدت / ہی بدن میں رطوبت و رقت
بچی ہین جو ادا مین ہو شیرین / کبھی عاقل ہین ہو یقین نہین
حرکات ایسی عاقلون مین کہان / بھولی بات ایسی عاقلون مین کہان
عہد طفلی مین ہے جو ذہن ضعیف / معرفت ناقص اور رہے سخیف
پر نہین خوب معرفت حاصل / رہتی ہین جب و رشتے عاقل
عقل پاتی ہین جیسے روز بروز / سمجھ آتی ہی ویسی روز بروز
عقل ہوتی ہے رہنمون ہر دم / معرفت ہوتی ہی فزون ہر دم
یون ہین آخر موافق تقدیر / کرتی ہین سب معاش کے تدبیر
تب مکلف ہی ہر کوئی انسان / امر طاعت ہی اور نہی عصیان
پرورش کا مزا ہوے زائل / پھر ماں باپ کی ہو لاطائل
نہ ہو اولاد والدین مین ربط / نہ ہو اولاد پر کسی کا ضبط
تربیت کا جو واسطہ نہ رہا / کام بچی کو باپ مان نے کیا
کرین حکم نکاح سے وہ گریز / نہ کرین مان نہ باپ کچھ پرہیز
دیکھتی صاف عورت مادر / که ہوا یہ حرم عاقل پر
دیکھو تدبیر ایزد متعال / عین حکمت ہے گریہ اطفال
وہ رطوبت جو اپنا زور کرے / کچھ تعجب نہین جو کور کرے
اس سے دیتا ہی خالق دادار / صحت تن سلامت ابصار
کرتی ہین مادر و پدر تدبیر / که کرتی گریہ طفل صغیر
یہ جو ملحد ہین منکر تقدیر / کر رہی ہین مذمت تدبیر
کچھ بھی سوچین جو دل مین اظلم / کرین اقرار صانع عالم

ہو تو لد اگر کوئی عاقل / کم ہو نا باپ کا فریفتہ دل
پیارے ہوتی ہی بچون کی حرکات / دلربا ہی ہر ایک بھولی بات
اسلیے طفل ہوتی ہین نادان / که کرین غافلانہ دید جہان
دیکھتی ہین تمام دنیا کو / دیکھتی ہین تمام اشیا کو
نہین آتی اوسکی عقل کی قائل / سمجھین اسباب کو جو ہین عاقل
تھوڑی تھوڑی سمجھتی ہین چیز / رفتہ رفتہ وہ کرتی ہین تمیز
امتزاد سے ہوتی ہی الفت / ہوتی ہین حال مختلف عادت
دیکھ کر سکو کرتی ہین غیرت / ساتھ ہی سہو ساتھ ہی غفلت
طفل پیدا جو ہو فہیم و قوی / کرین مان باپ پرورش کسکی
حق جو مان باپ سے ہون عاقل / حکمتین ہین جو اس مین عاقل ہون
ہون ولادت کی ہوتی ہی اطفال / جھنگلے مان باپ سے پریشان حال
نہ لگا مان باپ سے که ہین پرداخت / نہ ہو مان باپ کی کسی کو شفاعت
بعد تو با عقل طفل اگر پیدا / ہنا قبیح و شنیع عادت سے
سو جدائی بشر کو رکھا باز / یہ ہین سو کام ہین جسے پنہان راز
سر اطفال مین رطوبت سے / باعث درد و رنج و علت ہے
طفل ہوتی ہین سوزنی پر بال / سب رطوبت وہ ہوتی ہی زائل
منقطع رونے سے ہوئی اطفال / پر نہین مادر و پدر کو خیال
یو نہین ہر امر مین مصالح ہین / جو که بینا ہین انکو واضح ہین
کہ یہ اکا حکمت حق ہین / منکر اسمد کی یہ احمق ہین
سمجھین خلقت نہین ہے بی تقدیر / ہی تمام اسمین حکمت و تدبیر
کی مفضل نے عرض اے مولا / حال دیکھا ہی بعض لوگون کا

نقص اعضا مین ہی سوال اسکا

کہ کوئی عضو ہوگیا بیکار | ہوئی اوس عضو جانی سی لاچار

ہی جواب امام جن و بشر

پند و تادیب بہر انسان ہے | یہ سزای گناہ و عصیان ہے
جس طرح بادشاہ دنیا مین | کری تادیب تا گنہ نہ کرین
یہ رعیت پسند کرتی ہے | وصف تہدید و پند کرتی ہی
کہ سبکو مبتلا کری جو خدا | ہی یہ لازم کرین وہ شکر ادا
کہ پس مرگ اوسی ثواب ملے | اجر طاعات با صواب ملی

ہی کلام مفضل دیندار

مرکی بالفرض ہو اگر زندہ | طالب ابتلا ہو وہ بندہ
کہ پس مرگ اجر پائی دوچند | آگی سی ہو وہ چند دل خرسند
عضو کوئی ہی جہت طاق کوئی | کیا ہی حکمت حکیم مطلق کی
جو تصور کری سر دیگر | ہی سبب ہے جو ہو وہ گردن پر
ہین جو اس ایک سر مین دو کرنین | دوسری سر کی احتیاج نہین
ایک سر ہو جو مائل گفتار | دوسرا سر ضرور ہو بیکار
ہو اگر اور ایک کی تقریر | دوسری کی ہو دوسری تقریر
فہم مین اختلال ہو جائی | درک کا اور حال ہو جائی
کہ اگر ایک ہاتھ شل ہو جای | کار انسان مین بھی خلل ہو جائے
جو تکلف سی بھی کری کوئی کام | ہو نہ بہتر ہین وہ کام تمام
یعنی سب ہین بہم ممد و معین | جسکو ہی عقل اوسکو شبہہ نہین
ای مفضل یہان ہی فکر ضرور | دیکھنا حکمت خدای غفور
حنجرہ آدمی کا ٹونٹی سے | جس سی باہر صدا نکلتی ہے

کیون یہ ہوتا ہی اسکا کیا باعث | کیا ہی اس اختلال کا باعث
کی امام انام نی تقریر | یہ بھی ہی حکمت خدای قدیر
کرین ذکر گناہ ہو سنی نفرت | دیکھنی والون کو ہوتا عبرت
جو کوئی دیکھی اوسکو ہو تہدید | سب کو ہو دہشت عذاب شدید
رای سلطان کی کرتی ہی تصویب | بد نہین جانی ہین تادیب
کری سوی خدای پاک رجوع | رہی دل سی خشوع اور خضوع
پائی ایسی ثواب روز حساب | ہون فراموش چار دکی عذاب
جا بجای ہو مو بصدق و یقین | ہی بیان امام ہادی دین
پھر بلا ہی کو اختیار کری | رنج و آفت کا انتظار کری
ای مفضل ذرا تفکر کر | دیکھ تقدیر خالق اکبر
ایک پیدا کیا سر انسان | ایک ہی ہی بجا سر انسان
نہین ممکن عبث ہو فعل حکیم | خدا حکمت سمیع علیم
ہی ہوئی جو دو سر انسان | قبح ہوتا کمال اسمین عیان
ہو جو دونون سرونسی ایک کلام | ہو عبث ایک عیب کا ہی مقام
سننی والون کو ہو بڑی مشکل | سامعہ ہو کدھر کدھر مائل
جفت پیدا کئی ہین دست بشر | تا ہو دونون سی مدد و نصرت
جتنی بنتا ہین اور بہین بیکار | نہ ہو کام ایک ہاتھ سی تنہا
شاق ہر کام ہر کسی پر ہو | دونون ہاتھون کی کب برابر ہو

اور ہین یہ دلائل شافی

کیا صدای و سخن مین حکمت ہے | کیا ہی قدرت ہے کیا صنعت ہے
یہ زبان اور یہ لب و دندان | چند آلات ہین پی انسان

کہ یہ ہین مخرج حروف و صدا ۔ ہو نجوبی ظہور نغمون کا
خوب کب نکلی سین بے دندان ۔ مخرج فا بغیر لب ہون کہان
صوت نامی حلق انسان ہے ۔ شش بلا شک شبیہ انبان ہے
اور شش کو پکڑتی ہین عضلات ۔ مثل انگشت پڑتی ہین عضلات
دیکہنا قدرت بصیر و سمیع ۔ ان مین ٹہہری حروف کی تقطیع
شش سے اگر جو نکلی ان سے صدا ۔ ہون سب الحان مختلف پیدا
ہر کوئی خوب تا سمجہ جائے ۔ ذہن مین سننے والونکی آئے
وہ جو تشبیہ صنع انسان ہے ۔ تو یہ تشبیہ صنع رحمان ہے
اتنے اعضا مین جو منافع ہین ۔ کر چکا تجکو خوب آگہ مین
حنجرہ اس لئے ہوا پیدا ۔ تا کہ پوہنچائے تا بہ شش ہوا
ہے ہیاہے ورود دم شش بہ ۔ باد زن شش سے ہے قلب شہہ

حکمت خلقت زبان ہے یہ

اس سے ہے مختلف مزونکی تمیز ۔ اس سے پاتے ہین لذت ہر چیز
کوئی اچہی ہے کوئی زشت و زبون ۔ مزے سب چیزونکی ہین گونا گون
جو نہ ہو یہ تو کچہ نہ ہو معلوم ۔ نہ ہو کوئی مزا کبہی مفہوم
اس سے احکام بہر دندان ہے ۔ قوت تام بہر دندان ہے
اے مفضل مقام عبرت ہے ۔ کیا ہی اللہ کی یہ قدرت ہے
ہونٹون سے کہینچ لیتے ہین پانی ۔ زندگی تازہ کرتی ہین اپنی
صدمۂ آب سے ہو مجروح ۔ نہ بدن پائے کوئی رنج نہ رنج
عضو انسان جو ہین وہ ہین اوزار ۔ ہے ہر اک مثل تیشہ نجار
کبہی تو کہودتے ہین سقف و زمین ۔ کبہی آتا ہے کام اور کہین

کر پڑین دانت آدمی کی اگر ۔ پھر ادا حرف خوب ہین کیونکر
جو زبان شکر ان ہو جاے ۔ خلل حرف راعیان ہو جاے
کہ ہوا اس مین ہوتی ہے داخل ۔ جاتی ہین اسے جو ہین عاقل
تا کہ انبان شش سے جاتی ہوا ۔ حلق و دندان و لب تک آتی ہوا
ہین یہ آلات مثل انگشتان ۔ مستوا تر جو نامے پر ہون روان
یہ محل ہین پئے خروج صدا ۔ نامی انبان جو ہین نے انکو کہا
ہوتی ادوات صوت سے تشبیہ ۔ پر خوش آتی ہے جبکی تشبیہ
کہ مقدم ہے صنعت رحمان ۔ اس سے نکلی ہے صنعت انسان
نفع یہ صنعت کلام کی ہین ۔ اس سوا اور بہی یہ کام کی ہین
پوہنچی خارج سے تا بہ شش جو ریح ۔ قلب انسان کو اس سے ہو تفریح
نہ چلے جو نسیم دم اکدم ۔ آدمی کا نکل ہی جائے دم
کی حذائی جو یہ زبان عطا ۔ ہے بلا شک عطیہ عظمی
کوئی کڑوی ہے کوئی ہے میٹہی ۔ نمکین کوئی کوئی کہٹ میٹہی
سب مزو سے زبان واقف ہے ۔ انہین اسرار کی یہ کاشف ہے
اور بہی ہوتی ہین زبان سے کام ۔ ہے مدد وقت بلع آب و طعام

ہین مصالح وجود دندان کے

دانت گر پڑتے ہین کسی کی اگر ۔ ہو نشہ ملتی ہین جو کی سست اگر
کہ نہ ہو بند حلق مین پانی ۔ پوہنچے وہ معدے تک با سانی
منہ ہے در ہونٹ ہونٹ ہین دو دست ۔ بند ہوتی ہین کہلتی ہین جہت پٹ
کبہی لکڑی کی کام آتا ہے ۔ کبہی مٹی کی کام آتا ہے

حکمت خلقت دماغ ہے یہ

دیکھی تو اپنی مغز سر کو اگر | ہو عجب حال منکشف تجھ پر
نہیں کر سکتی عارضی مخل | نہیں ہو سکتا اسی سی ہی خلل
منتشر ہو دماغ کہیں | کل ہو عقل کا چراغ کہیں
تا نہ پہنچا سکی بیچ اوس کی ضرر | پیچ کر رکھی ہی ہڈی یا کہیں
سوچ تو کون یہ محافظ ہے | جز خدا اور کون حافظ ہی
جسنی یہ مغز سر کا پاس کیا | اور یہ منبع حواس کیا

صفت حلق چشم کی دیکھو

مثل پردہ خدائی انکا | رسن و حلقہ سی اوسی باندھا
چاہیں جسدم یہ پردہ انکا ڈال دیں | چاہیں جسدم وہ اٹھا دیں اک پل میں

ہی بیان دلائل حلق

گوشت اوس میں کیا ہی پیدا | پیرہن وہ کہ ہی بانہ جوشن
حلق میں دو بنائے ہیں سوراخ | متناسب تنگ ہیں نہ فراخ
نام اس کو بنی کا ہی حلقوم | ہیں جو با علم او نکو ہی معلوم
دوسرا ہی پی لقمہ و غذا | نام مشہور ہی اسی کا مرا
ایک حلقوم کا بنا سرپوش | کوئی جاندار جب کرے ہی نوش
طرف شش غذا اگر جائی | آدمی اس الم سی مر جائی
رات دن ہی یہ سرپوش جنبان | کبھی سستی ہو ممکن اس سے کہاں
دل اگر ... حرارت ہے | آدمی مستحق ہلاکت ہو
کس کے صنعت سے راہ غائط و بول | کیا خدا نے بنایا انکا ڈول
بند جب چاہیں تب کریں انکو | چاہیں جسوقت کھولدیں انکو
ہی قباحت اگر نہ ہوتی یہ بات | رہتی جاری ہمیشہ فضلات

کتنی ہی جھیلو نہیں پھٹتا ہے | صدموں سے امن میں رہتا ہے
خود سی کم نہیں ہے کاسہ سر | صدمہ پہنچے اگر کوئی سر پر
بال سر پر جو ہوتے ہیں پیدا | سر کو وہ پوستین ہی گویا
بارش برف میں اگر ہیں حجاب | دھوپ میں ہیں یہ ہوتی ہیں حجاب
وہ خدا جسنے یہ کیا پیدا | وہ خدا جو کرے کا تا پیدا
ہی سب اجزای تن کا حفظ ضرور | پر قیامت ہے مغز سر کا فتور
ای مفضل تو دیکھ رحمت رب | پلک چشم پر خیال کر اب
رسن و حلقہ ہی یہ کسکا نام | شفر کہا ہی سب نے جسکا نام
دیدہ و مردم ایک غار میں ہے | مژہ و پردہ سی حصار میں ہے
ای مفضل ذرا تو سوچ یہاں | کسی سینے میں دل کیا پنہاں
پوست سی استخوان پہلو پہ | کہ کسی صدمہ سی پہنچی ضرر
ایک سی ہی خروج حرف و نفس | یہی دو کام اس سے ہوتی ہیں بس
ہی یہ سوراخ متصل شش سے | کہ ہوا پانی خوب دل شش سے
متصل معدے ہی وہ اس سے بنا | اس سی جاتی ہی تا بمعدہ غذا
ای سرپوش پہ ہے نکلے کام | کہ شش میں نہ جائی یا طعام
کردیا شش کو باد دہن دل کا | تا شگفتہ رہی چمن دل کا
حرکت ایک سی ہی آٹھ پہر | فرصت اس سے کبھی نہیں دم بھر

بول و غائط کی فائدوں کا بیان

دیکھ سبیر یہ ہوں جلیسی بند | ہی ان منفذوں کی ایسی بند
دونوں منفذ ہوں تا بخوبی وقع | بار خاطر ہوا اگر تبہ رفع
رکھتی انسان اپنا منہ جو کھلا | پھر تو عیش آدمی کو مشکل تھا

سچ تو یہ کب ہی قدرت لسان — کر سکی شکر نعمت یزدان
جتنی ہیں نعمت خدا معلوم — کہیں ان سے سوا ہیں نا معلوم

خلقت معدہ کی فوائد ہیں

نعمتیں ہیں خدا کی نا محدود — معدہ دیکھو کہ نہیں معدود
عصبانی کیا ہی معدہ کو — تا غذا ہضم میں نہ دیر ہو
ہو غذای غلیظ بھی تحلیل — تا نہ ہو سوء ہضم سی تعلیل
نرم و نازک کیا جگر کو نے — سب ظاہر کی ہر کسی نے
ہی نرمی و نازکی سی ہوا — قابل خالص لطیف غذا
دوسرا ہضم تا غذا پاسکے — ہضم معدہ سی ہی سوا پائی
غیر خداوند قادر متعال — دوسری سی یہ حکمتیں ہیں محال

خلقت مغز کا بیان ہی حال

ہی مفصل تو دیکھ حکمت مغز — کیا مضبوط ہڈیوں میں ہے مغز
خون سیال کو نہیں بند کیا — جیسی برتن میں طور پایا کیا
تا بدن سے نہ جا سکے باہر — نہ ہو جا بجا ہر نہ جای اور دہر

صنعت راہ گوش کا ہی بیان

ہی جو پیچیدہ درمیانہ گوش — کیا ہی حکمت ہے اس میں ای باہوش
پردہ گوش تک جو پہنچی صدا — یعنی جو ہی مقام سامعہ کا
نہ لگی زور سے ہوا کی صدا — نہ ہو آسیب صدمہ ہای صدا
نہوں تا پردہ ہای گوش صحیح — رہیں سالم ہمیشہ اور صحیح

گوشت ران کی دیکھی حکمت

نجم ران و نشستگاہ میں ہے — کیا ہی تدبیر خالق ہر شے
تا نہ ہو بیٹھنا کبھی دشوار — تا نہ دی سختی زمین آزار
کوئی بیمار جیسے ہو لاغر — نرم جب تک بچھا نہ ہو بستر
پہنچی اوسکو زمین سخت سے رنج — پای پھر سے رنج سخت سی رنج

صنعت پیدائش نر و مادہ

کرنے پیدا کیے نر و مادہ — کہ تناسل کو ہوں وہ آمادہ
کرنے دی سب کو رغبت اولاد — کس نے بخشی محبت اولاد
اوسنی آلات نسل سب کو دی — کار کن جس نے اپنی خلق کیے
اوسنی محتاج سب کو خلق کیا — جو سبب ہے رفع حاجت کا
خاص کس نے کیا ہی سچ یہ بات — آدمی کو میان حیوانات
مگر اوسنی کہ جس نے دی تکلیف — پھر پاداش یہ ہوئی تکلیف
سب کو کرنے عمل کی دی طاقت — سب پر اتمام جس نے کی حجت
متکفل امور کا سب کے — آدمی کو کیا ہی سوچ اسی
مگر اوسنی کہ جس کے نعمت کا — نہ کبھی ہو سکے کا شکر ادا

حکمت خلقت دل مخلوق

ہی مفصل ہیں دل کی اوصاف — نہیں کچھ ان میں اختلاف و خلاف
ایک اک دل میں ہیں کئی سوراخ — تو محاذی ہیں شش میں سوراخ
کہ یہ شش بادزن ہی دل کی لیے — سینہ اس سے چمن ہی دل کی لیے
دونوں سوراخ یہ برابر ہیں — نہ زیادہ یہ ہیں نہ کمتر ہیں
جو مقابل نہ ہوں یہ چھید تو پھر — پہنچی دل تک نہ پھر نسیم نفس
بند دم پھر ہو یہ نسیم اگر — تو بلا شبہ ہو ہلاک بشر
صاحب عقل و صاحب تمییز — نہ کریں کے کسی طرح تجویز

معدہ
خون
دل

ناخن و مو اگر بڑھاتی ہم
تب نہ کشتی کا رنج اوٹھاتی ہم

کٹتی کا رنج اگر کوئی سہتا
ناخن و موسی کیا لہو بہتا

نظم عرض مفضل در بیدار

کہ مدام ایک حال پر رہتی
ہوتی محفوظ اتنی ٹہ بہی سے

آدمی جانتی نہیں اکثر
کہ کریں شکر خالق اکبر

ناخن و مو جو بڑہتی ہین اکثر
رنج وا وجاع ہوتی ہین باہر

اس لیے آدمی ہوئی مامور
کرین ہفتی مین حلق اون ضرور

ناخن و مو بڑہین بشتاب
درد جسم بشر کی ہون نایاب

محتبس ہون مواد اعضا مین
ہون مقر فساد اعضا مین

نہ اوگا ایک بال حکمت سے
نہین واقف خیال حکمت سے

بلکہ انسان کور ہو جاتی
ساری حیوان کور ہو جاتی

کہانی مین بہی ہین خلل ہوتا
صاف یہ کام بی محل ہوتا

ہوتی دشوار بعض کام انکو
بال دیتی ضرر مدام انکو

مرد و زن کو نہ ملتی کچہ لذت
تہی یہ صورت منافی حکمت

ساری اعضا مین انکی ہین بال
پر یہ اعضا ہین صاف کر لی خیال

ای مفضل ذرا تدبر کر
حکمت اللہ مین تفکر کر

تہی جو اصحاب مانی ملعون
منکر صنع قادر بیچون

پردہ جہال عیب کیا کرتی
حکمت حق مین ریب کیا کرتی

کہتی اللہ نی عبث پیدا
کچہ نہ تہی انکی احتیاج ذرا

جس طرح نکلی مانی سی سبزا
اس طرح بال یہ ہوئی پیدا

جو مکلف ہین با تمیز ہیان
صاحب ہوش و صاحب ایمان

ناخن و مو جو خوب بڑہ جاتی
اور رنج اس سبب سے ہم پاتی

ناخن اسواسطی جڑی بکمشت
کہ رہی وسی حفظ سر انگشت

کی مفضل نی عرض مولا سی
موی و ناخن نہ کیون ہوئی ایسی

بولی حضرت کہ اسمین حکمت ہی
عین اللہ کی یہ رحمت ہی

رنج ہوتی ہین جمع اعضا مین
جمع ہوتی ہین رنج اعضا مین

ناخن و مو جو قطع ہوتی ہین
درد و آزار دفع ہوتی ہین

نورہ لگوائین تاکہ دور ہون بال
اور ناخن کٹائین کہ ہون خوشحال

ہوا گر دیر انکی کٹنی مین
ہو خلل علتونکی کہٹنی مین

نہ تہی جس جس مقام حاجت سے
بلکہ تہی بیکان قباحت ہو

ہوتی پیدا جو بال آنکہو پر
کیا ہی ہوتا وبال آنکہو پر

بال ہوتی دہان حیوان مین
یا نکلتی زبان حیوان مین

یہ کف دست مین اگر ہوتی
عاجز احساس سے بشر ہوتی

بال وی ذکر مین اوگتی اگر
لطف ملتا جماع مین کیونکر

نہین یہ امر خاص بہر بشر
جانور پر بہی کر تو غور نظر

جہل او باش مانی نقاش

نہین ہرگز خطا و سقم و غلط
ہین عیان حکمت و صواب فقط

چاہتی تہی کہ شک و ریب کرین
کوئی ثابت خطا و عیب کرین

پیشتر کہتی تہی وہ اہل دغل
موی پشت و زہار و زیر بغل

یہ نہین جانتی حماقت سی
بلکہ یہ نکلی ہین رطوبت سی

اور بہی ہین منافع دینی
دیکہی جو پاتی چشم حق بینی

دور کرتی ہین جبکہ موئی ہا
پاتی ہین وہ ثواب بی تکرار

جبکہ اسمین وہ ہوتی ہین مصروف | اور اشغال ہوتی ہین موقوف

یعنی وہ شغلی کہ جن سی ہین یہان | ہون سراسر مفاسد و طغیان

آدمی جبکہ ہوتی ہین بیکار | بیشتر کرتی ہین بے کردار

نیک افعال رکھتی ہین محفوظ | نیک اشغال رکھتی ہین محفوظ

نہین ہوتا تکبر اور غرور | نہین ہوتی مفاسد اور شرور

ہی بیان ذکر نفع آب دہان

کرتا ہون بیان آب دہان | کہ منافع ہین کیسی اسمین عیان

کیا ہی خالق کی آبیاری ہی | چشمۂ آب منہ مین جاری ہی

دہن و کام کیون نہون شاداب | رہی جاری جو ایسا چشمۂ آب

ہی اسی سی طراوت دندان | معدہ مین ہے غذا اسی سی روان

تر و تازہ اسی سے ہی زہرہ | زہرہ آدمی کو ہی بہرہ

سوکھ جاتی جو زہرۂ انسان | تن انسان ہو بس وہ بیجان

شکم فلاسفہ سے ذم

شکم جو ہین بڑی جہال | اور یہ فلسفی بد افعال

ضعفاء العقول ہوتی ہین | مفتری و فضول ہوتی ہین

نیک و بد مین نہین ہے اونکو تمیز | پیش اہل تمیز ہین ناچیز

یون وہ کہتی ہین پیٹ لوگون کا | ہو اذ جبتا اگر بسان قبا

چاہتا جب طبیب اگر تا | خوب سا دیکھکر دوا کرتا

ڈال کر ہاتھ خوب کرتا غور | ہوتی تشخیص رنج کی فی الفور

حق نی رکھا شکم جو رکھی بند | وضع آلی نہین ہوتی پسند

ملی کوئی طبیب جب پورا | خوب دیکھی بغور قارورا

نبض دیکھی پتا ہی سوکھی | حال پوچھا کری مریضون سے

تب کہین ہو مرض اوسی معلوم | ہو مرض کا سبب وہی مفہوم

بلکہ اسپر ہی اشتباہ رہی | حال بیمار کا تباہ رہی

مرکز مرض ہی اشتباہ طبیب | ورد پنہان ہی کیا گناہ طبیب

اب بیان جواب شبہہ کی

کرون اس شبہہ کا جواب بیان | مبتلی ہون سبکی تا انسان

سہل ایسا علاج اگر ہوتا | بیخطر مرکسی بشر ہوتا

ہوتی معذور تندرستی پر | ہوتی مغرور اپنی بستر پر

ہوتی مصدر فساد و طغیان کی | ہوتی منشا خطا و عصیان کی

اور بھی اسمین اک قباحت تھی | سخت انسان کو اذیت تھی

آتی باہر رطوبت شکمی | جلد پر آشکار ہوتی تبھی

جس جگہ بیٹھتا تھی آتی | لطف ملبوس مین کمی آتی

باہر آتا مواد پنہان کا | ہوتا مانع ستر انسان کا

اور تھا اک فساد اسمین کمال | جانتا ہی یہی جس مین کمال

کبد و قلب و معدہ ہی خال | جلتی ہوتی ہین ای خجستہ خصال

ہی غریزی حرارت اسکا سبب | بس اسی سی یہ کام ہوتی ہین سب

جوف انسان مین وہ حرارت ہی | محتبس ہی خدا کی قدرت سی

شکم خلق مین اگر سوراخ | ہوتی اس سے فراخ فراخ

کہ نکل جاتی او سمین سی طبیب | مفسدی اسمین ہی عجیب عجیب

ہوتی سردی ہوا کی جب داخل | اوس حرارت کی ہوتی شامل

رہتی احشاء ہی جوف سی باہر | عمل احشا کی ہوتی سب باطل

جسم خاکی ہلاک ہو جاتا جامۂ روح چاک ہو جاتا

ایسی حکمت سی خلق کی پیدا کہ جگہ دخل کی نہ چھوڑی ذرا

ای مفضل کر اپنی دل میں خیال رکہی ہین آدمی مین کیا افعال

خلق انکی لیی مسخر کہ ہین سن لین یہ بات جو مشکک ہین

ماندگی ہوتی ہی محرک خواب نیند سی جسم کو ہی راحت و تاب

کوئی بی اشتہا اگر کہا لے بی تامل ہلاک ہو جاوے

کیا عجب خلقت طبیعت ہی کہ طبیعت کو سبکی رغبت ہی

قوتین چار آدمی میں ہین چار ونکی نام ہی بتاؤن ہین

تیسری قوت ان مین ہاضمی کی قوت دافعہ سمجہ چوتہی

ہاسکہ ہونکا بیان طعام کہ طبیعت کی ہون سب اس سے کام

اور اسکو پہیلاتی ہی سب اعضا مین طاقتین لاتی ہی سب اعضا مین

کیا ہی چار ون قوا کی ہی تقدیر کیا ہی حکمت خدا قدیر

قوت اسکہ نہ پاتی بشر تو غذا رہتی معدہ مین کیونکر

ہوتی خالص غذا جدا کیونکر ہوتی جزو بدن غذا کیونکر

قوت دافعہ اگر خالق نہ بناتا تو ہوتی ہم سب دن

پیٹ فضلون سے سبکی بہر جاتی جتنی جاندار ہین یہ مر جاتی

کیا ہی صنعت کیا ہی تقدیر کیا کرون وصف تنگ ہی تقریر

ای مفضل بیان ہو وہ مثال جسکی سننی سی ہو بہت خوشحال

سب مقوم ہین سب بدن ہین جو مصالح ہین سب و باہر ہین

قبض بہی ضبط ہی سے انکا کام سبکو پونہچاتی ہین حصص مدام

بادشاہی وہی خدا قدیر جسکی جاری ہی سب اسی تقدیر

حکمت حق مین جسکو آیا شک سری پا تک وہ جہل ہی لاشک

اور ارشاد امام کا سن لے

خورد و خواب و جماع کرتی ہین دن یونہین زندگی کی بہرتی ہین

بہوکہ ہوتی ہی مقتضی طعام باعث زندگی بدن کا قوام

ہی محرک جماع کی شہوت ہی یہ ابقای نسل کی صورت

یہی حالت ہی اور باقی کی ہی یہ حکمت خدای باقی کی

اب بیان قوای اربعہ ہی

قوت جاذبہ ہی اول اگر دوسرا ماسکہ ہی باور کر

جاذبہ جو کری قبول غذا تا کہ معدہ کو ہو وصول غذا

ہاضمی کا ہی کام طبخ غذا کرتی ہی خالص غذا کو جدا

دافعہ دفع کرتی ہی فضلات اس سے ہی جسم آدمی کو ثبات

قوت جاذبہ نہ ہوتی اگر کہانا کس طرح کہاتی نوع بشر

قوت ہاضمہ سوا اصلا نہین ممکن تہی وضع طبخ غذا

جب غذا ہی نہ ہوتی جزو بدن جان ہوتی نصیب تا عرصن

دفع ہوتی غذا کی کب فضلات پیٹ مین جمع ہوتی سب فضلات

دیکہ تو قدرت قدیر کریم دیکہ تو حکمت حکیم علیم

اسکی فرمائی اس طرح تمثیل

ہی ہر اک جسم مثل خانۂ شاہ جمع اوسمین ہین جا دمان سپاہ

ملتی ہی سب جسم کو یا محتاج ملتی ہی سب خدم کو یا محتاج

رکہتی ہین گہر ہی لطافت سے پاک رکہتی گہر کثافت سی

خانۂ شاہ ہی بدن گویا جتنی اس مین ہین چار قوا

راست مین ہی کہا قوا کا حال — یہ حقیقت مین تہا قوا کا حال
ہین طبیعت کی اور بہی اغراض — کہ وہ سب ہین مشخص امراض
اسطرح اب کیا ہی ہم نی بیان — کہ سنین غور سی اگر انسان
چشم دل تہی جو ای کوری دور — آن ہین ہو غشا ہی کو رہی دور
اسکو دیکہی تو دور ہون شبہی — پردہ چشم انکہ سی اوٹہی
قدرت کردگار کو دیکہین — صنعت کردگار کو دیکہین

ہی قوای نفوس کی صنعت

صنعت قواے نفوس

ایک کا انمین ہی مفکرہ نام — فکر کرنا ہی بس اسی کا کام
خوب سا اپنی دل مین غور تو کر — قوت حافظہ نہوتی اگر
رہتی پہر لذت حیات کہان — اور لطف معاملات کہان
حال و داد و ستد رہتا یاد — خوب ہوتا معاملون مین فساد
کیا کسی سی کہا نہ رہتا یاد — کیا کسی نی کہا نہ رہتا یاد
کرتی سو بار راہ سی جو عبور — یاد بہی حافظہ نہ رہتی ضرور
کرتی کو ذکر و بحث طالب علم — سہو سی پر نہوتی صاحب علم
تجربون سی یہ منقطع ہوتی — سارے کام اسنی منقطع ہوتی
ہو کسی کو جو اس قدر نسیان — ایسی کو کہی کس طرح انسان
جسکی ہو جائین یہ قوا سب فوت — کہی اوسکی حیات کو پہر موت
چاہیی غور اب کرین انسان — حافظی سی ہی خوب نسیان
مشتفی نہ ہون اذیت سی — مبتلی نہ ہون مصیبت سی
جس قدر رہین یہ نعمت دنیا — متمتع نہ اسنی ہون اصلا
کوئی دشمن کسی کا ہو جو اگر — ہی نہ ذان فکر و غم مین اگر

جو طبیبون کی ہی کتابون مین — او بہی کہی ہی کیا تہا کام مین
مرض تن کی کرتی ہین یہ دوا — کہ علیلون کو ہو حصول شفا
مرض شک و شبہہ دل سی یہ دور — اس مرض سی کہی ہون نہ نجور
وہ یہ دل مین جو ہوای سبل — راست بینی مین پڑ گیا ہی خلل
پہر تو چشم یقین وا دعا سی — ہون نہ ناظر وجود سبحان کی
ای مفضل ہوا جو لطف خدا — سب قوای بدن کا حال سنا
یونہین جی کی کہی قوای نفوس — کہ ضرورت یہ ہی برای نفوس
وا ہمہ عاقلہ ہی حافظہ ہی — اور بہی کچہ ہین ای خجستہ پی
آدمی خستہ حال ہو جاتا — کامون مین اختلال ہو جاتا
بہول جاتا ہر ایک کہکر بات — سہو ہو جاتی یاد رہکر بات
یہ نہ یاد آتا آدمی کو کبہی — کسی کی نیکی اور کسی بدی
نفع کس چیز سی ملا اکثر — اور کس چیز سی اوٹہایا ضرر
کرتی جو ساری عمر حاصل علم — بہول جاتی تمام عاقل علم
کوئی دین انکو یاد کیا رہتا — کسی سی اعتقاد کیا رہتا
دہر مین جو کہ دیکہتین چیزین — اونسی عبرت کبہی نہ ہوتی انہین
ایک قوت کا یہ کیا ہی بیان — ہین بغیر اسکی کسقدر نقصان

حکمت آفرینش نسیان

نہ ہو نسیان آدمی کو اگر — چین آلام سی نہ ہو دم بہر
حسرتین دل سی کسطرح ہون دفع — کیسی ہی باہم ہون سلوک کیا رفع
یعنی پونہچی ہی جسقدر آفات — دور دل سی نہ ہو کبہی فرات
ہی یہ سمجہی نہ ہوگا غافل اگر — ہو گا اکدن ضرور قاتل اگر

یا کسی کا ہو اور کوئی عدو — فکر اوس سی دور ہو مُضر
حفظ و شان کو کر دیا ہی جمع — صاف ضدین کو کیا ہی جمع
کچھ تفکر کری تو ظاہر ہو — کچھ تدبر کری تو ماہر ہو
اس سی ثابت وجود خالق ہے — اس سی ثابت وجود رازق ہے
نہ تعدد کہ ہی گمان مجھ بین — رحمتا زدی ہی ہین ما بین
جو عقیدے کہ کہتی ہین لیئیم — برتر اوس سے ذات پاک کریم
جیسی جسم بشر مین ہین ضدین — دونون در کار ہین ہے حکمت عین
بس یہ نہین عالم کبیر مین ہے — جمع اضداد کی ضرورت ہے
وہ نہین جانتی جو جاہل ہین — وہ نہین مانتی جو غافل ہین
ای مفصل ذرا نگاہ تو کر — کیا ہی احسان خالق اکبر
حق نی انسان کو جو دی ہی حیا — سبب اس شی کا ہوئی ہی حیا
کب یہ اکرام ضیف کرتی ادا — کہ سب اکرام کا سبب ہی حیا
شرع کی کام جیسی ہین اکثر — کرتی ہین شرم کی سبب سے بشر
صلۂ رحم و شنی کب ہوتا — کب بزرگون کا کچھ ادب ہوتا
غضب کرتی امانتین اکثر — ترک کرتی عبادتین اکثر
کہ ہمیشہ رہی صلاح انکی — ہو رفاہ اور ہو فلاح انکی
ای مفصل تو اب تفکر کر — دیکھ نعمت ہی کیا ہی نطق بشر
ہوتی ہین جو نتائج افکار — انکو کرتی ہین نطق سی اظہار
قوت ناطقہ نہ ہوتی اگر — ہوتی مانند جانور کی بشر
نہ سمجھتا کسی کی دل کی کوئی — خوب نعمت عطا سخن کی ہوئی
ای مفصل تو پھر تامل کر — خوب سی سنکر کر تعقل کر

دیکھنا صفت حکیم قدیم — دیکھنا قدرت علیم کریم
مصلحت ہی ہر ایک مین ہین — وصف اوسکی کہون نہین ممکن
جمع اضداد مین مصالح ہین — وہ سمجھتی ہین جو کہ صالح ہین
اس سے ثابت ہی وحدت قہار — اس سے ثابت ہی وحدت غفار
وہ خدا کی ہوئی ہین قائل — جو حقیقت سی اسکی ہین غافل

حکمت آفرینش شر و خیر

جمع خالق نی کی ہین حکمت سے — کی ہی صنعت تمام قدرت سے
بعض کا خیر نام بعض کا شر — ہین مواقع مین خیر دونون مگر

ترجیح انسان بہ نسبت حیوان

جان سب قسم کی ہی حیوان — سب سے اعلی جو ہی ہین انسان
آدمی کو اگر نہ ملتی حیا — کب کوئی کرتا وعدی اپنی وفا
حسن کا ارتکاب کرتا کون — قبح سی اجتناب کرتا کون
بعض وہ ہین اگر نہ ہوتی حیا — حق مادر پدر نہ کرتی ادا
کب یہ کرتی نگاہ پر احسان — اپنی ہرگز نہ چھوٹتی عصیان
جو بشر کو مفید ہی خصلت — وہی خالق نی انکو دی خصلت

صنعت نطق آدمی کا بیان

دل انسان مین جو گذرتا ہی — تو زبان سی بیان کرتا ہے
اور مافی الضمیر لوگون کا — جان لیتی ہین نطق سی شنوا
ایسی دل کی کوئی کہہ سکتا — یا وہ مانند جانور بکتا

ذکر ہی صنعت کتابت کا

کیا ہی ہین فائدی کتابت مین — شک نہین حق کی ہر عنایت مین

حکمت حیا

جانتی ہین جتنے اسلاف / بس کتابت ہی سی تمام اخلاف

سب کتابت سے ہی بقای علوم / ہین اسی سی سب ثنای علوم

یہ کتابت نہ ہوتی جو موجود / ہوتی اخبار ازمنہ مفقود

مندرس سب علوم ہوجاتے / ہین جو آداب کسکو پہر آتے

کار دنیا تباہ ہوجاتے / کار عقبی تباہ ہوجاتی

کوئی جاہل جو یہ کرے تقریر / کی ہی خالق نی خلق کیلئے تحریر

کی ہین آپس مین بس یہی جاری / ہوگئی ہین وہ ذہنون مین ساری

جس طرح مختلف امم ہین تمام / یوہین ان سبکی مختلف ہین کلام

عربی فارسی و سریانی / اور رومی ہی اور عبرانی

ہے جواب امام رہبر دین

آدمی نہین ہی کچہ تدبیر / کہ کیا کرتی ہین یہ سب تحریر

جونکہ تا زبان وہ گویا / ذہن مدرک نہ بند ونکو دیتا

کہتی ہین دل کا حال کہہ دیتے / مثل حیوان تمام چلاتے

اصل ہی فطرت حکیم قدیر / خلق پر ہی یہ فضل رب بصیر

پاتی کا شکر و حمد کا وہ ثواب / نظر آتی کی وسکو راہ صواب

نہین محتاج شکر و طاعت کا / نہین محتاج کچہ عبادت کا

متفکر ہوای مفضل اب / دیدۂ دل سی دیکہ حکمت رب

ایک وہ علم جو کہ دینی ہی / جس سی اصلاح دین یقینی ہی

حق تعالی نی علم جو دیا / وسکی لائق نہ آدمی کو کیا

علم وہ جس مین دین کی ہی صلاح / جس سے ہوتی ہی اہل دین کے فلاح

ہین دلائل کہ ہی خدا موجود / ہین تو ہر کہ ہی خدا کا وجود

پھر اہل زمان استقبال / ہی یونہین جہالت اجہال

تا نہ ہوون سب معاملات خراب / لکہتی سی ہین درست ساری حساب

بہیجتی کیونکر اپنی کہر مین خبر / کہر سی جاتی کسی طرف جو بشر

سب حکایات محو ہوجاتین / سب روایات محو ہوجاتین

ہے یہ مذکور شبہہ حمقا

اصطلاحون کو کچہ قرار دیا / ہی یہ ایجاد مردم دانا

ہی یہ باہم خلاف کا باعث / یہی ہی اختلاف کا باعث

یونہین باہم جدا ہین تحریرین / ہین جدا جیسی سب کی تقریرین

وضع سبکے جدا ہی باجدا / خط جدا سبکے ہین لغات جدا

استفادہ کرین تمام انام / با صواب اب سنو جواب امام

سب یہ نعمت ہی حق تعالی کی / سب یہ صنعت ہی حق تعالی کی

ایسی ہی ہوتی لا الکلام بشر / جیسی ہین اور جانور اکثر

کسطرح قصد کرتی لکہنی کا / جو بشر کو نہ اونکا بیان دیتا

وہی مورد ہی رحمت حق کا / جو کہ شاکر ہی نعمت حق کا

بی گمان بے نیاز ہی خالق / کری کفران جو وہ ہو فاسق

خلقت علم و دین و دنیا ہے

حق تعالی نی آدمی کو دیا / علم جسکا بشر کو لازم تہا

وہ ہی انسان کو خدا نی دیا / دوسرا علم جو ہی دنیا کا

اسکی اصلاح علم حکمت سے / مصلحت ہی اور حکمت سے

جس مین بندون کی مصلحت ہی وہ / حق تعالی کی معرفت ہی وہ

جو کہ عاقل ہین سب وہ ماہر ہین / خلق اشیا مین سب یہ ظاہر ہین

ہی دلالت وجود صانع پر | ہی دلالت وجود مبدع پر
دال خالق کی ہی عدالت پر | دال مالک کی ہی عنایت پر
معدلت اسمقام پر ہی یہی | کہ کرین والدین سی نیکی
کوئی مسکین اگر ہو یا ہو فقیر | یا کوئی اور ہو غریب و حقیر
ہو وہ مسلم کہ نا مسلمان ہو | چاہیی یہ کہ زیر احسان ہو

ذکر علم صلاح دنیا ہی

ہین وہ کشت و نخیل اور اعناب | چاہیی پہر انتفاع دواب

حکمت خلق ادویہ ہی بیان

کہ کرین لوگ اس سی استشفا | ہو مریضونکو حکم حق سی شفا
علم کشتی ہی اور غواصی | کہ مشقت یہ ہی بہت خاصی
اور ہین ساری صنعتونکی علوم | نہین بہان وہ سبکو ہین معلوم
الغرض جس مین ہی بشر کی صلاح | جس سی کونین مین ہی سبکی فلاح
پر بشر کو خدا ہوا مانع | ایسی علمون سی جو نہون نافع
علم وہ علم غیب ہی لاریب | کہ خدا ہی فقط ہی عالم غیب
بس ہین یہ نہین امور مخفی بہی | جز خدا ساری خلق سی مخفی
یہ نہین ہین علم درمیان بحار | علم عالم ہی سبکو ہی دشوار
قلب انسان و رحم نسوان کا | کوئی کیا جانی حال غیر خدا
بعض کرتی ہین دعوی باطل | ہین کہ علم غیب سی جاہل

ہی بیان علوم حد بشر

جتنی ساری ہی امور دین ہر | اور سب ہون امور دنیا سہت
دخل انکی سوا کیا ممنوع | دخل بیجا جو تہا کیا ممنوع

ہی دلیل اوسکی علم و قوت | ہی دلیل اوسکی لطف و حکمت
اور واجب ہی معرفت سبکو | یعنی لازم ہی معدلت سبکو
کچہ اگر جسکی پاس امانت ہو | ہی یہ لازم نہ کچہ خیانت ہو
چاہیی کچہ رعایت اوسکی ضرور | چاہیی کچہ مروت اوسسی ضرور
نیکیان جیسی ہین موالف سی | چاہیی نیکیان مخالف سی
جو کہ علم صلاح دنیا ہی | جسکی باعث فلاح پیدا ہی
کرین آراستہ چہ و کاریز | جس سی سرسبز ہو ہر اک فالیز
علم ہی ریشہ و گیاہ کا بہی | یعنی نا ثیران مین ہی کیسی
بعد ازین علم ہی معادن کا | جو ہر ایک ایک ہی سفیدان کا
عالم صید اگر کما ہی ہون | صید بہر وحش و طیر و ماہی ہون
باعث طول ہی بیان اونکا | مرتکب ہی ہر ایک ای دانا
علم وہ آدمی کو حق نی دیی | علم وہ ہر کسی کو حق نی دیی
نہین شایان طاقت بشری | نہین ہرگز لیاقت بشری
جس قدر ہین امور آیندہ | اونسی واقف ہو کس طرح بندہ
علم بالای آسمان بہی نہین | نہین رہتا ہی علم زیر زمین
کوئی کیا جانی کیا ہی عالم مین | اور کیا ہو رہا ہی عالم مین
اور جو کچہ ہی خلق سی محجوب | دخل اسمین نہین بشر کو خوب
جہوٹی جہوٹی جو کہتی ہین اخبار | کرتی ہین جاہل کو صاف اظہار
کر مفصل بیان بغور نظر | دیکہ تقدیر خالق اکبر
وہی اللہ نی دی ہین علوم | جو کہ دانا ہین انکو ہی معلوم
ناہون انسان اپنی قدر شناس | کرین ہی خدا کی حمد و سپاس

علم بھی ہی بشر کو جہل بھی ہی — امر دشوار بھی ہی سہل بھی ہی
دونوں میں مصلحت ہی خالق کی — دونوں میں مصلحت ہی رازق کی
دیکھو تو کیا ہی قدرت حنان — مدت عمر سب سے ہی پنہان
ناگوار احیات ہو جاۓ — تلخ ہر ایک بات ہو جاۓ
جس طرح ہو فنا کسی کا مال — یا قریب فنا ہو گیا ہو حال
خوف ہر دم فنای مال کا ہو — رنج آٹھوں پہر مآل کا ہو
کیسہ خالی اگر ہو زر سی تو ہو — رنج ایسا نہیں ہی لوگوں کو
مال ہوتا ہی جو کسی کا فنا — سر صد ہی پہر ہی ملنی کا
ہو کسی پر اگر یہ کشف راز — یعنی پائی ہی کتنی عمر دراز
نہ ڈری ہی ارتکاب عصیان سی — ہی خطر ہو عذاب یزدان سی
یہ طریقہ نہیں خدا کو قبول — کہ یہ ہی پیشہ ظلوم جہول
ہو جو بالفرض تیرا کوئی غلام — کری اک سال بھر تری وہ کام
پڑھتی اوس سی بھلا تو کیا ہو — دیر کیا غصہ سال کا ہوگا
اس جگہ تو کہی یہ بات اگر — برسوں تک کرتی ہیں گناہ بشر
سن لی اسکا ہی با صواب جواب — کہ تشفی ہو تیری دل کو شتاب
آدمی اس سی بر نہیں آتا — تاب اسکی بشر نہیں لاتا
گو کہ ہوتی ہی زشتی کردار — لیکن اس امر میں ہی ناچار
عفو کرتا ہی اس لیی اللہ — بخش دیتا ہی اوسکی بار گناہ
آخر عمر توبہ کر لوں گا — حق کو گویا فریب دیوںگا
توبہ کر لوں گا پہلی مرنی سی — کون غافل ہی توبہ کرنی سی
اوس سی کاہی کو ہوں گی ترک گناہ — ہو گا کب تائب اوسکا قلب سیاہ

جمع ضدین کو خدا نی کیا — ہو جو درکار رہنا وہ سکو دیا

سبب اخفای مدت عمر

عمر ہوتی کسی کی جو کوتاہ — اور ہوتا وہ حال سی آگاہ
عمر کی یاد رہتی کوتاہی — ہوتی قرب اجل سی آگاہی
رات دن غم ہو تنگدستی کا — دہیان ہر دم ہو تنگدستی کا
ہی کہیں زیست مال سی بہتر — مفلسی سی سوا ہی جان کا ڈر
ہو بہی نقد جان سی کیسہ تہی — یہ ہی دشوار بہر مرد و زن
جب یقین فنای زیست ہوا — وہم عمر و حیات ہی بیجا
محو دنیا کی لذتوں میں ہو — صرف ہر دم جہالتوں میں ہو
کہی دل میں جو پیری میں ہونگا — سب گناہوں سی توبہ کر لوں گا

ہی مثال مناسب تقریر

پھر کسی روز یا تماشے ماہ — کری وہ کام تیری خاطر خواہ

اور ارشاد سن لی حضرت کا

وقت آخر جو توبہ کرتی ہیں — پاک جرموں سی ہو کی مرتی ہیں
خواہش نفس و کثرت شہوت — آدمی پر جو کرتی ہی شدت
ارتکاب گناہ ہوتا ہی — نامہ اوسکا سیاہ ہوتا ہی
اسکو ہوتا ہی اجتناب گناہ — نفس کرتا ہی ارتکاب گناہ
پر جو کرتا ہی جرم پر اصرار — اور کرتا ہی منہ سی اقرار
آج تو میں موافق شہوات — خوب دنیا کی پاتا ہوں لذات
بعد ازیں توبہ وہ کریگی کری — ہو کی پاکیزہ وہ مری نہ مری
خاص ہنگام شیب و اضمحلال — توبہ و ترک جرم ہوں محال

کس طرح ہوتی انبیا ممتاز
